رسالہ

مرقع قادیانی

امرتسر

مجریہ یکم جولائی سنہ ۱۹

مرقع کے ناظرین سے التماس

مرقع توکلاً علی اللہ جاری کر دیا گیا ہے مگر قدر دانان اور معاونین کو توجہ دلانے کے لئے [illegible] لکھنا ضروری ہے کہ سر دست مرقع کو وہ استقلال پیدا نہیں ہوا کہ اپنے پاؤں سے چل سکے۔ اے [illegible] ناظرین ہوا خواہان اسلام سے گذارش ہے کہ اسکی ترقی اشاعت میں کوشش کریں۔

انعام۔ جو صاحب مرقع کے آٹھ خریدار پیدا کر کے سال بھر کے لئے جاری کرا دینگے اُن کو [illegible] تو سال بھر کے لئے مرقع مُفت ملیگا یا چودھویں صدی کا مسیح قیمتی عہ مفت انعام میں ملیگا۔ دونو صورتوں میں سے جو صورت وہ پسند کریں۔ ثواب آخرت علاوہ۔ پس ہوا خواہان مرقع بہت جلد توجہ فرما دیں۔

قادیانی مشین میں الہام بافی

قادیانی مشین کے پُرزے الہام بافی میں ایسے کچھ تیز ہیں کہ دن میں ہزار ہا الہام بُن ڈالتے ہیں۔ الہاموں کا شمار تو ناظرین کو غالباً معلوم ہوگا مگر اُن کے بُنے جانے کی کیفیت شاید معلوم نہو۔ پس آج ہم اس الہام بافی کی کیفیت بتلاتے ہیں کہ یہ الہام قادیانی مشین میں کسطرح تیار ہوتے ہیں۔ ناظرین غور سے سنیں اپریل کے مہینے میں مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب بٹالوی نے کاپیاں صحیح کرانے کے لئے منشی غلام محمد کاتب کو خط لکھا جو قادیان میں مرزا صاحب کا کام کرتا تھا۔ کہ بٹالہ میں آکر ہمارا کام [illegible]